D-106-Done

(بسم اللہ الرحمن الرحیم)

الحمد للہ الذی قال فی القران و لینصرن اللہ من ینصرہ ان اللہ لقوی عزیز و الصلواۃ و التحیات علی سید المرسلین وعلی آلہ و اصحابہ اجمعین۔

امابعد بندہ کمترین انام تراب الاقدام و صمت انتما محمد عبد الشکور مرحا حنفی تندوی ابن مولانا حافظ عباد اللہ صاحب واعظ و تلمیذ حضرت مولانا حاجی حافظ محیب احمد صاحب رام پوری قدس سرہما عرض پرداز ہوتا ہی اہل انصاف سے امیدوار انصاف بصد آز ہوتا ہی کہ اول بندہ نے رسالہ ہذا کو زبان فارسی مین تحریر کیا تھا فارسی کے مقابل فارسی تسطیر کیا تھا مگر عند الطبع چند شفقاء صادق الاتحاد و رفقاء واثق الوداد نے فرمایا بصد شوق و ذوق یہ جملہ سنایا کہ ای عزیز پر تمیز زبان فارسی مین اس رسالہ کا چھپنا بہتر نہاین کیونکہ بجز خواص کے ایسی فارسی دانی سے ہر کس بہرہ ور نہاین اکثرونکو اُسکے سمجھنے کیواسطے تلاش اوستاد ہوگی بدون اوستاد کے اُنکی نہ حاصل مراد ہوگی

CC-0. Kashmir Research Institute, Srinagar. Digitized by eGangotri

لہذا ان لوگونکا یہہ منشا ہی کہ اگر اُسکو اردو کرکے چھپوائے تو اولی ہی تاکہ اسکا مضمون صاف صاف سبکی سمجھ مین آئے قاری و سامع کی طبیعت نہ گھبراے مینے انکا یہہ فرمان مانا اور اُسے لازم الاذعان جانا اب یہانسے آغاز ترجمہ ہی بناء رسالہ کی یہہ بنا ہی کہ سابق ازین یک بزرگ کے ہاتھ پر مینے بایعت کی تھی توبہ من الشرک والبدعت کی تھی پس مرور چند مدت خاطر بزرگ بزرگ ممدوح کو راغب چند بدعات پایا اور بعض بعض قول بھی انکا خلاف کتب دینیہ ظہور مین آیا عند التحقیق وہ اُسپر مصر ہوئے جو عمل بدعت تھا اُسکے سنت کے مقر ہوئے لہذا ان امور مین مینے اُنکی مخالفت کی اور مصاحبت کی جا اختیار مفارقت کی پھر جستجو مرشد متشرع دیگر کا خیال ہوا مشتہر یہہ حال ہوا اور اس اثنا مین مولوی قادر علی قادری داوٗدپوری کے رسالہ فضائل میلاد دافع رذائل عباد کے رد مین مینے ایک رسالہ موسومہ صیانۃ الناس من شر الخناس لکھا مولوی مذکور سے بجا کر لوگون نے یہہ کہا وہ یہہ خبر فرحت اثر سنتے ہی غریق لجہ رشک و حسد ہوکر اپنے سے حقانیت کو دور کئے اور عوام مین یہہ مشہور کئے کہ نماز مین عبدالشکور کی اقتدا ناروا ہی کیونکہ وہ اپنے مرشد سے منحرف بنا ہی جو اُسکی اقتدا کرنا ہی یکی بر د گناہ لازم کی راہ دھرتا ہی *

CC-0. Kashmir Research Institute, Srinagar. Digitized by eGangotri

اللهم اجعلنی محمودا ولا تجعلنی حامدا ۰ گرچونکہ اکثر لوگون پر
اُنکے حالات ظاہر تھے اُنکی حرکات سے سب ماہر تھے بدین وجہ چند
روزون کے پیشے اُنکی طرف التفات نکی منظور انکی یہہ بات تھی
بعد ش جب اُنھو نے شور و شغب بے اندازہ بپا کیا جماعت
مسلمانان مین مثل چند کسان بے باکانہ فتنہ اندازی برپا کیا تب
چند اصحاب دین و ارباب یقین دین مین حرج عظیم بوسوسۂ
شیطان رجیم دیکھکر مجتمع اکٹھا ہوئے اور باہم مشورہ کرکے
انسے طالب استفتا ہوئے انھون نے وقت کو غنیمت پایا
جھٹ اک سوال جعلی بنایا اور آپ اُسپر جواب لکھا جو کچھ
جی مین آیا لکھوا لیے بکے اور اُسپر کسی سے مہر کسی سے دستخط
کرائے پھر اسکو حرز جان بنائے جب کوئی اُنکے پاس جاتا تو وہ وہ
فتوی اسے دکھاتے پھر جان عزیز کی طرح چھپاتے اور اُسی روز
سے حضرت والا مرقوم بالا کے حسب ارشاد وسواس بنیاد
اُنکے چند مریدان مریدان ہداہم الرحمان نے یہہ شیوہ اختیار کیا
اپنا یہہ شعار کیا کہ نماز کے وقت علی الخصوص عند المغرب وہ
اپنے پیر ہداہ اللہ القدیر کی خدمت مین آتے اُنہین کوئی بیٹھنے
کی اجازت پاتے اور کوئی بیرون در مسجد جا کر کھڑے رہتے
اور کوئی درون در مسجد آ کھڑے رہتے اور جسے دیکھتے کہ نماز
پڑھنے آتا ہی بے رکاوٹ مسجد کے اندر جاتا ہی بیرون در

CC-0. Kashmir Research Institute, Srinagar. Digitized by eGangotri

مسجد خالی نوکری ہوتی اول وہ زمے بلاتا اور اپنے پیر کا
بہہ فرمودہ سناتا کہ آپ استعمال نہ کیجئے ذرا دم لیجئے
مولانا قادر علی صاحب خارج مسجد مین بیٹھے ہین وہین چلئے
بیٹھئے اور انکے پیچھے نماز پڑھیئے کیونکہ عبدالشکور جو یہان کا
امام ہی اُسکی اقتدا ناجائز لا کلام ہی چنانچہ اس امر مین
استفتا ہوا ہی مولانا مزبور کے پاس موجود وہ فتوا ہی جمیع علماء
نامدار و فضلاء کامگار کا کہ اُسکے قائل ہین ہان ہان جاییئے دیکھئے
موجود دلائل ہین یہہ باتین سنکر اس بیچارے کے دل مین
کچھ شک پڑتا اور جب وہ نادر مسجد آگے بڑھتا تب درون
در مسجد جو بہراغوا کھڑا ہوتا وہ اسکے آگے اڑتا اور
وہی باتین وہ بھی سناتا خوب بہکاتا اگر وہ مصلی قوی الایمان
ہوتا یعنی مسلمان ہوتا تو اُنکی باتونکو وسواس ابالیس خناس
سمجھکر تازیانہ * لا حول ولا قوۃ الا باللہ العلی العظیم * چمکاتا یا
بمقتضاء قولہ تعالی ۰ فاستعذ باللہ من الشیطان الرجیم ۰ تیغ *
اعوذ باللہ من الشیطان الرجیم ۰ اٹھاتا اور اگر کوئی بیچارہ ضعیف
الایمان ہوتا یا نادان ہوتا تو حصار ۰ لا تینھم من بین ایدیھم ومن خلفھم
وعن ایمانھم وعن شمائلھم ۰ مین گرفتار ہوتا راہ بازگشت نہ پاتا
خوار ہوتا اور جب ہہ لوگ نماز پڑھتے تب وہ حضرت اپنے مریدونکو
لئے بیٹھے رہتے اور جب یہ لوگ سلام فرض سے فراغت پاتے

CC-0. Kashmir Research Institute, Srinagar. Digitized by eGangotri

تب وہ سب مسجد کے اندر جاتے اور وہ ہی حضرت امام باشتے
اور اس روز شور سے قرات پڑھتے کر بر آمد ہے ہین لوگونکو
سنت پڑھنی مشکل ہوتی اُنکی نماز باطل ہوتی اور اگر کوئی
انسے کہتا کہ مولوی صاحب یہہ فتوا آپ جسپر لاتے ہین جسکی
ذلت کے واسطے اتنی سر دردی اٹھاتے ہین اسے دکھلایئے
اور اسکے حق مین دعا فرمایئے تاکہ وہ اپنے اس فعل قبیحہ سے
جسکے باعث سرحد فسق و تکفیر تک پہنچا ہی توبہ کرے اور
اپنے دامن نا رُ اعمال کو خار عصیان سے پاک کرکے راہ ہدا
دہرے تو آپ فرماتے یہہ جواب اُسے سناتے کہ واہ صاحب
یہہ کہانکی دانائی ہی کہ ہم اپنی دستاو بز مدعی کے حوالہ کرین
وہ اگر پھر ہمکو واپس ندے یا چیر پھاڑ کرے تو اسوقت ہم
پارہ پارہ ہا بنین اگر اُن باتون مین کسی صاحب کو شبہ ہو یا مولوی
ممدوح کسی کے سامہنے انکار کرے تو اُسے ضرور ضرور چاہیئے کہ
مسجد محلہ چنوبستی مین آکر اُسکو استفسار کرے القصہ استفتاء
مذکور ہزار منت و سماجت کے ساتھہ مبلغ ایک صد روپیہ
کی ضمانت پر ایک امیر کے ذریعہ تاریخ چہارم ربیع اولال
سنہ ۱۲۸۹ ہجریہ قدسیہ روز دوشنبہ کو اس احقر العباد
و اصغر الافراد تک آیا سراپا میننے اسے دیکھا اسکے سوال کونہایت
افترا آمیز و غایت بہتان انگیز پایا اور حاشا و کلا حضرات

CC-0. Kashmir Research Institute, Srinagar. Digitized by eGangotri

مفتیان سے مجھے ذرہ خیال پرخاش نہین سب سے لڑون جھگڑون مین کچھ دیوانہ نہین اوباش نہین پر ہان حزم و احتیاط مفتیونکو سزا اور تھا سوال مین تعئین شخصے خاص پر نگاہ کرنا بہترین کار تھا کیونکہ حضرات والا درجات علماء محققین پر خوب ہویدا ہی کہ اگر کوئی من حیث کسی فعل ذمیمہ نہ من حیث علم کسی شخص کی توہین کرے اور اس امر مین اسکا مطیع نہ بانے اگرچہ وہ مرشد ہی ہو تو اسکو تکفیر کی نوبت کرنی نا ہیچا ہی الہرام بعد مطالعہ کے اسکے سکوت مین مجھے نقصان نظر آیا تب مینے بتوکل علی اللہ قلم اٹھایا اور اسکے جواب مین چند اوراق ہذا لکھا اور تائید ذوالمنن وطفیل رسول زمن اسکا نام رکھا* واللہ الموفق وبہ نستعین وبیدہ ازمۃ التحقیق

* بیت *
عالمم نی فاضلم در دشت
غالم ذرہ ام * از گروہ عاصیان اک کمترین بندہ ام*

اللہم ارنا الحق حقا والباطل باطلا ۰

* استفتا مذکور *

بسم اللہ الرحمن الرحیم * * ما قولکم رحمۃ اللہ علیکم * شخصی عاقل بالغ بردست عالم وبندار عامل متقی پرہیزگار حاجی حرمین شریفین ماہر علوم قرآن وحدیث رسول الثقلین مرشد مقبول مومنین انام ہادی ہدایت اہل اسلام توبہ و بیعت

CC-0. Kashmir Research Institute, Srinagar. Digitized by eGangotri

بطریق اہل سنت و جماعت نمووہ و لیکن بعد عرصہ دو
سال بغرض نفسانی یا وسوسۂ شیطانی از عالم موصوف
انحراف ورزیدہ علانیہ بہ توہین تمام میگوید کہ من توبہ و تعہد
بیعت فلانی راگذاشتم و شکستم و سخنان استخفاف
و استہزا بالفاظ ناملائم و بیجا یعنی خانف گو و بدعتی و غیرہ درحق
عالم ممدوح میگوید واز دیگران گویانیدہ باسترضاء خاطر خود
می شنود پس درحق چنین شخص از جانب شریعت غراء
محمد مصطفی صلی اللہ علیہ وسلم چہ حکم و وعید وارد است و پس
آن اہل سنت و جماعت را اقتداء او در نماز درست است
یانہ بینوا توجروا *

* الجواب بالسنة والکتاب *

اول آنکہ اللہ رب العالمین بقران مجید بحق شکستگان بیعت
میفرماید * فمن نکث فانما ینکث علی نفسه قال البیضاوی فی تفسیرہ من
نقض العہد فلا یعود ضرر نکثه الا علیه * ودر موضح آوردہ کہ سہ
چیز با اہل آن راجع میشود یکے مکر کہ * ولا یحیق المکر السیئ الا باهله
دوم ستم کہ * انما بغیکم علی انفسکم * سوم نقض عہد کہ * فمن
نکث فانما ینکث علی نفسه * پس ظاہر شد کہ شکستن بیعت گناہ
ستگر اللہ رب العالمین است کہ عذاب و ضرر آن بر نفس
شکنندۂ بیعت میرسد ودرین صورت نقض بیعت متوارثہ

CC-0. Kashmir Research Institute, Srinagar. Digitized by eGangotri

اهل اسلام .. جمیع اقسام ۴ خواه بابیعت توبه من المعاصی یا
تبرک فی سلسلة الصالحین خواه بابیعت تاکد العزیمة علی التحبر
و الامر الله و ترک مانهی عنه باشد گناه فاحش است * کما صرح
به مولانا شاه ولی الله المحدث الدهلوی قدس سره فی کتابه قول
الجمیل فی بیان سواء السبیل و قال رسول الله صلی الله علیه وسلم اما
نکث الصفقة ان تبایع رجلا بیمینک ثم تخالف الیه فتقاتله بسیفک الخ
اخرجه الحاکم فی المستدرک و قال هذا حدیث صحیح علی شرط مسلم

دوم بابیعت و توبه نمودن مرید بر دست مرشد و بندار فی الاعمال
عبارت از عهد و عقد شرعی است که نقض آن بالاخلاف گناه
کبیره است بدلیل آنکه برای ایفاء عهود و عقود حکم جناب باری
در قرآن مجید درود گردید * قال الله تعالی اوفوا بالعهد ان
العهد کان مسئولا و قال الله تعالی یا ایها الذین امنوا اوفوا بالعقود
و قال الامام ابن الحجر مکی رحمة الله فی کتاب الزواجر فی تفسیر الایة
المذکورة سمیت عقودا لانه تعالی عقدها امرها و حتمه و اوثقه فلا انحلال له و قیل
هی العقود التی یتعاقد الناس بینهم و الدلیل علی ما اخترناه فیما مر من
انها عامة وان ابا حنیفة رض استدل بها علی صحة نحو نذر صوم یوم العید
و عقد بقوله تعالی یوفون بالنذر و الموفون بعهدهم اذا عاهدوا انتهی

سیوم حسب توضیح و تصریح کتب معتبره اهل طریقت سنت
و جماعت ثابت و متحتم است که بابیعت نمودن بر دست مرشد

CC-0. Kashmir Research Institute, Srinagar. Digitized by eGangotri

ست تند بخانند ان بزرگان طریقت مرید را ابتغائی برکت و
وسیله است و بهره سیاست امر خداوند تعالی در قرآن مجید
واقع گردیده * قال الله تعالی یا ایها الذین امنوا اتقوا الله وابتغوا
الیه الوسیلة وجاهدوا فی سبیله لعلکم تفلحون * وروی مسلم من خلع یدا
من طاعة الله لقی الله یوم القیامة ولا حجة له ومن مات ولیس فی عنقه
مات میتة جاهلیة * پس بایعت شکنی یا تکرار آن بیوجه وجه و
ظهور خلاف یا تازندگی از بیعت خود را باز داشتن در حقیقت
بے نصیب شدن از توسل الی الله و محروم گردیدن از حصول
برکت صلحاء الله و مردن بر موت جاهلیت است * کما قال الشاه
ولی الله المحدث الدهلوی فی تکرار البیعة اما بلا عذر فانه یشبه المتلاعب
ویذهب بالبرکة ویصرف قلوب الشیوخ عن تعهده والله اعلم * چهارم
بایعت نمودن مرید بشیخ در ربط قلب آن علی وصف المحبة والتعظیم
وملاحظه صورته ذریعه توجه الی الله جلشانه تعالی است و حسب
تفهیم اهل طریقت این رکن اعظم است چنانچه استقبال
قبله در نماز رکنی است از ارکان نماز و باین جهت در حدیث شریف
آمده که جناب رسالت مآب صلی الله علیه وسلم فرموده اند *
اذا صلی احدکم فلا یبصق قبل وجهه فان الله بینه وبین قبلته * پس رو
گردانی و انحراف از جهت قبله باعلم و عقل بلا عذر کاملی سبب

CC-0. Kashmir Research Institute, Srinagar. Digitized by eGangotri

«فسخ نماز است همچنان نکث و نقض بیعت شیخ دیندار
عدم حصول توجه الی الله است چه خوش گفته است * عهد مشکن
که هر که پیمان بشکست * از پای در افتاد و برون شد از دست *
آنرا که درست بود پیمان الست * نشکست بهیچ حال بر عهد که
بست * پنجم استخفاف و استهزاء عالم باعمل دیندار که
هزاران هزار مسلمانان روزگار و مومنان کامگار بر دست او
توبه و بیعت نموده کامیاب دولت هدایت اند و براه رشد
دین و اسلام بهره یاب و بهر نوع در علم و عمل آنرا لایق و در
تقوی و پرهیزگاری نیک و فایق میدانند سخنان لایعنی بدعتی
و خلاف گو وغیره نمودن و از دیگری کلمات سخیف و توهین و
هزل و هجوگو یانیده باستر ضاء خاطر خود شنودن گناه کبیره است
که مرتکب این همه استخفاف و استهزاء بوعید شدید خداوند مجید
گرفتار میشود بلکه قابل ورود کفر بر خود و طلاق بر زوجه منکوحه خود
میگردد * کما جاء فی فتاوی در المختار و من حقر عالما حرمت علیه امرأته
و من نظر عالما بالاهانة والحقارة یکفر وفی کتاب الاشباه والنظائر
الاستهزأ بالعلم والعلماء کفر وفی زواجر الامام الابن حجر العسقلانی
رحمه الله علیه من فتاوی البدیعی من الحنفیة من استخف بالعالم طلقت
امرأته وکانه جعله ردة + وقال بعض الائمة یعنی الحافظ الامام ابن
عساکر اعلم یا اخی وفقک الله وایانا وهدیک سبیل الخیر وهدانا ان

علوم العلماء مسمومة وعادة الله فی هتک منتقصهم معلومة ومن اطلق لسانه في العلماء بالسب بلاه الله قبل موته بموت القلب فليحذر الذين يخالفون عن امره ان تصيبهم فتنة او يصيبهم عذاب اليم ۰ پس وقتیکه شخص مذکور باصرار سرکشی مرتکب این همه گناهان و وعید شدید مسطوره بالاست و شیخ خود را کہ ذریعۂ حصول راه رشد رب الوجود باشد گذاشت کی اقتدای نماز در پس این چنین کس کہ توسل رضاء الہی ست درست خواهد شد ہرگز اقتدایش درست نیست * رقمت ما وجدت فی الکتاب والسنة واقوال الائمة وانا العبد الحقیر المجیب قادر علی داؤدنوری

قادر علی قادری نمبر مهر ۱۲۸۲ — المسئله صحیح لا ریب فیه

عبد الجلیل * — مسئله صحیح است عبد الباری * — المجیب مصیب محمد حاتم * — الجواب صحیح حافظ اسد علی *

عصمت الله * — محمد محسن * — عبد الجبار * — عبد الجلیل *

نظر علی خان * — جمال الدین عفی عنه * — عبد العزیز عفی عنه *

المسئله مع جوابها مطابقه عبد الودود * — الجواب صحیح *

عین الدین احمد * — الجواب احق والحق احق ان یتبع

بشارت اللہ عفی عنه — بلاشک مسلمانان را خصوصا اہل تقوی و ورع را مناسب ست کہ از اقتداء چنین کس بپرهیزند و باز مانند و نظر بر ادله خمسه صحیحه مذکورهٔ مجیب

CC-0. Kashmir Research Institute, Srinagar. Digitized by eGangotri

انداز ند * خصوصا بر دلیل خامس عیاذا باللہ * اللھم احفظنا یا ذیا ضا من جمیع البلایا و الامراض و اللہ یہدی من یشاء الی صراط المستقیم

حررہ العبد الحقیر محمد رضا علی بنارسی * جواب مطابق سوال صحیح است یعنے حال مولوی صاحب ممدوح فی الحقیقت موافق اوصاف مندرجہ سوال است پس شتم و استخفاف و استہزا باو شان شنیع و قبیح است اجتناب ازان واجب است و ارتکاب بان فسق است و اللہ اعلم بحقیقۃ الحال احمد علی عفی عنہ * شخص مذکور فاسق است ترک اقتدا ور نماز در پس این چنین شخص اولی فضل علی عفی عنہ *

* آغاز کتاب *

قولہ * شخصی بالغ الی قولہ بغرض نفسانی یا وسوسہ شیطانی اقول * چہ خوش ای حضرت جس شخص کو آپ عاقل بالغ بتاتے ہین پھر اُسیکو تابع غرض نفسانی و مطیع اغواء شیطانی بھی بتاتے ہین عقل کا یہی منشا ہی خرد مندی کا یہہ تقاضا ہی جناب خیر الانام علیہ السلام تو فرماتے ہین * الکیس من دان نفسہ * یعنے عاقل وہی جو اپنے نفس پر غالب آتا ہی اُسکے خواہش کی راہ پر نہین جاتا ہی * والعاجز من اتبع نفسہ ھواھا اور جو مطیع نفس ہی وہ بیوقوف لا کلام ہی دیکھئے حدیث ہذا کے ماتحت مجالس الابرارین ارقام ہی * و معناہ ان العاقل

CC-0. Kashmir Research Institute, Srinagar. Digitized by eGangotri

من غلب على نفسه وقهرها الى قوله والعاجز من غلبت عليه نفسه وما و
قابها لها الخ • آپ یہان اس حدیث کے برخلاف کلام کرتے
ہین جیسے خیرالانام علیہ السلام بیوقوف کہتے ہین آپ اسکا
عاقل نام دھرتے ہین * ع * برین عقل و دانش بباید
گریست * قولہ * انحراف ورزیدہ الخ * اقول * قال الله
تعالی فی القرآن المبین لعنة الله على الكاذبين • قولہ * پس آن اہل
سنت و جماعت را اقتداء در نماز درست است یا نہ * اقول
اسکی کچھ حقیقت نہین کھلتی اصل ماہیت نہین معلوم ہوتی
کہ اس فقیر حقیر کی امامت موقوف کرنے مین آپکو کیا فائدہ ہی
شاید آپکا یہہ منشا ہی کہ اگر امامت اس نحیف کی موقوف
ہو کاکہ مین یہہ بات معروف ہو تو عیدین کے روز قلعہ کی میدانمین
آپکی بھاری جماعت ہو فطرہ وغیرہ زیادہ ملے حاصل نیت ہو
تو صاحب یہہ خیال آپکا خام ہی غائب اسبجا آپکا مرام ہی کیونکہ
اگرچہ اس عاصی کو آپکی مانند شوق امامت نہین پیش امام پر مدام
ذوق اقامت نہین پر میرے سوا آپکے طرح جو بہت سے لوگ
امامت کے شایق ہین کسی کو یہہ تمنا آپسے زیادہ ہی کیونکہ
آپ فائق ہین اگر کسی نوع اُن سبکی امامتین ناجائز ہو جائین تب
یقین ہی کہ اپنے مرام دلی سے آپ فائز ہو جائین یعنے عیدین
مین آپکے مقتدی اک جم غفیر ہون اور فطرہ وغیرہ کے سبب

CC-0. Kashmir Research Institute, Srinagar. Digitized by eGangotri

آپکو حاصل اموال کثیر ہون * قولہ * اللہ رب العالمین بقرآن مجید بحق شرکستگان بیعت میفرماید ‡ فمن نکث فانما ینکث علی نفسہ * اقول * اگر کوئی عاقل بالغ کسی فاضل کو کامل و دیندار فرخندشعار سمجھکر اُسّے بیعت کرے اُسکے ہاتھہ پر ہاتھہ دھرے اور پاس مرور چند ایام اسکو چند فسق یا بدعت مین مبتلا پاوے ان امور مین آپکو اُنکا مطیع نہ بناوے بلکہ مخالفت کرے اور مرشد متشرع دیگر کی جستجو کی راہ دھرے ایسے مرید کے شان مین آیہ مرقومۂ بالا لانا اور اُسکو ناکث بیعت بنانا صرف بمقتضاء جہالت وضلالت ہی کیونکہ مرید مزبور کی مخالفت حق ہی * چنانکہ مدارج النبوۃ مین مرقوم بصراحت ہی وضابطہ درین باب آنست کہ ہرچہ بے شبہ مخالف مقتضاء علم و حکم شریعت باشد انکار آن واجب وہرچہ دران شبہ بود توقف دران لازم واگر قائل وفاعل وی مردیست کہ امام است در علم و عمل و مستقیم است در تقوا و ورع تاویل و توجیہ قول وی لائق واگر مصلحت شرعی در رد آن بود تا باعث ضلال و اضلال نقصان نگردد رد جائز باید دانست کہ عصمت خاصۂ انبیا است وخطا بر ہر کہ جز ایشان است جائز می آرند کہ معاذ ابن جبل کہ از علماء صحابہ و عظماء ایشان بود در وقت رحلت خود میگفت رد و انکار کنید ہر کہ خلاف دین شریعت گوید کائناً من کان

CC-0. Kashmir Research Institute, Srinagar. Digitized by eGangotri

ہر چہ گوید وہر کہ باشد واللہ الموفق انتہی * اور مالا بد منہ مین
ہی و قول ہر کسیکہ سرمو از قول و فعل پیغمبر صلی اللہ علیہ وسلم
مخالفت داشتہ باشد آنرا رد باید کرد انتہی علاوہ ازین خاص
ارباب بیعت حدیبیہ کی شان مین وارد آیہ بالاہی متفق اسپا
مفسرین کا مقولہ ہی بیعت الرضوان جسکا نام ہی تصریح
اُسکی جامع التفاسیر مین یون ارقام ہی * ان الذین یبایعونک
انما یبایعون اللہ ید اللہ فوق ایدیھم فمن نکث فانما ینکث علی نفسہ الایہ
فتح * جو لوگ ہاتھ ملاتے ہین تجھسے وہ ہاتھ ملاتے ہاین اللہ سے
اللہ کا ہاتھ ہی اُوپر اُن کے ہاتھ کے پھر جو کوئی قول توڑے سو
توڑتا ہی اپنے برے کو اور جو کوئی پورا کرے جسپر قرار کیا
اللہ سے وہ دیگا اُسکو نیک بڑا * تفسیر * ہاتھ ملاتے تھے
وقت قول جس وقت اول مسلمانی کا قول ہوتا تھا پھر جس
بات کا تقئید منظور رہو الڑائیو نمین قول مرتے دم تک نہ
بھاگنے کا * سو * بیعت کرتے ہاین یعنے بیعت الرضوان ہاتھ
خدا کا الخ * مراد یہہ ہی کہ ہاتھ رسول خدا جو بیعت کرنے
والونکے ہاتھون کے اُوپر ہوا وہ ہاتھ اللہ کا ہی الی قولہ کہا جابر
بن عبد اللہ نے کہ بیعت کی ہمنے رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم سے
درخت کے نیچے اُوپر موت کے اور اُسپر کہ نہاین بھاگینگے
ہم پس نہاین توڑی ہم مین سے کسینے بیعت مگر جد بن قیس

CC-0. Kashmir Research Institute, Srinagar. Digitized by eGangotri

نے کہ ایک منافق تھا جا چھپا اپنے اونٹ کے بغل کے پیچھے نہین گیا ساتھہ قوم کے * اور اسی جامع مین ناقلا عن المدارک تحریر ہی بیعت کرتے ہین شجرہ سے یعنے حدیبیہ مین جو بیعت الرضوان ہوئے اور بیعت نہ بھاگنے پر اور موت پر کی تھی کہ ہمیشہ لڑتے رہینگے آگے آپکے جبتک کہ نہ قتل کئے جاوینگے * اور اسی جامع مین ناقلا عن التنزیل تطہیر ہی تعریف اُن بیعت کرنیوالونکی ہی یعنے یہہ بیعت تمھاری میری پسندیدہ ہی * جیسے فرمایا اللہ تعالی نے * لقد رضی اللہ عن المومنین اذ یبایعونک تحت الشجرۃ الایہ * اور اسی جامع مین یہہ بھی مزبور ہی اور قفال مفسر کہتے ہین معنے آیت کے یہہ ہی کہ آنحضرت کے صحابہ جب آن حضرت سے بیعت کرنے مین ہاتھہ رکھا حضرت کے ہاتھہ پر ساتھہ فدا کرنے تن اور جان اور مال کے آگے آن حضرت کے ای قول * فمن نکث * یعنے جو کوئی توڑے اس عہد کو وبال اس عہد توڑنے کا اسپر ہی خدا عز و جل کو کچھہ نقصان نہین انتہی * اور تفسیر حسینی مین مسطور ہی مراد بیعت الرضوان است وذکر آن بیاید انشاءاللہ تعالی * اور تفسیر جلالین مین ہی ان الذین یبایعونک ببیعۃ الرضوان فی الحدیبیۃ * بیعت الرضوان کا مفصل حال دیکھنے کا جو ارادہ کرے اُسے چاہیے کہ کتب تفاسیر مطالعہ کرے * سوال *

CC-0. Kashmir Research Institute, Srinagar. Digitized by eGangotri

نکث بایعت کیا ہی بایعت توڑنے کا کیا طریقہ ہی * جواب *
صراح مین معنی نکث شکستن عہد تحریر ہی اور معنے عہد پیمان یعنے وعدہ
تحریر ہی اب جو وعدہ خلاف ہی وہ ہی ناکث عہد صادق
ہی مثلا جیسے زید عمر سے کہے کل ہم فلانے وقت آپکے نزدیک
آئینگے یا فلانے کے پاس جائینگے اگر زید نے اپنا یہہ وعدہ وفا
نکیا تو ناکث عہد ٹھہرا جیسا کہ جد بن قیس کا حال معلوم ہوا
کہ اُسنے بھی معہ ارباب بیعت الرضوان عہد کیا تھا کہ
یا حضرت تادم زیست ہم جنگ مین حاضر رہینگے یہہ کہا تھا
الا عند الوقت فرار ہوا ناکث عہد و قرار ہوا * سوال * بیعت
مروجہ زمانا منکوث ہوتی ہی یا نہین * جواب * جہان کسی مرید
سے خلاف شرع کوئی کام ہوا وہین وہ ناکث بیعت کا کام
ہوا کیونکہ جب مرید پیر کے ہاتھہ پر ہاتھہ رکھتا ہی تب یہی عہد کرتا
ہی کہ آج تک ہمسے جتنے گناہ کے کام ہوئے سب سے ہم تائب اس
ہنگام ہوئے اب ہم عہد کرتے ہین جبتک کہ جینگے خلاف شرع
کوئی کام نکرینگے پس جہان اسّے کوئی شرک و بدعت ہوئی نکث
بایعت ہوئی کیونکہ جد بن قیس کی طرح وہ اپنے عہد پر قائم
نرہا اسیکی راہ پر چلا وعلی ہذا القیاس اگر مرشد خلاف شرع کوئی کام
کرے یا اپنے مرید کو کہے وہ اسکی مطابقت کرے یا اطاعت کرے

CC-0. Kashmir Research Institute, Srinagar. Digitized by eGangotri

تو وہ بھی ناکث بیعت ہوا کیونکہ اپنے عہد پر نہ رہا اور اگر مرید نے
مطابقت کی جا غیر موافقت کی و اطاعت کی جا مخالفت کی تو وہ ناکث
بیعت نہوا کیونکہ اپنے عہد پر قائم رہا • قال اللہ تعالی ولیست
التوبة للذي يعملون السيئات وقال عليه السلام المستغفر باللسان والمصر
على الذنب كالمستهزء بربه وروى عن ابن عباس رض في قوله تعالى توبوا
الى الله توبة نصوحا قال التوبة النصوح الندم بالقلب والاستغفار
باللسان والاضمار ان لا يعود اليه * ای اہل انصاف ذرا انصاف
کیجئے کہ عاقل بالغ مزبور بصورت مذکور مطیع شریعت ہی یا ناکث
بیعت ہی بھلا اسے فمن نکث سے اُسے کیا علاقہ ہی البتہ اسکی شان
مین یہہ آیت لانا نیچا ہی بلکہ بیوقوفونکا یہہ کام ہی کیا خوب ذوق
دہلوی کا کلام ہی * بیت * آدمیت اور شی
ہی علم ہی کچھہ اور چیز * لاکھہ طوطے کو پڑھایا پر وہ حیوان ہی رہا *
قولہ * قال البیضاوی فی تفسیرہ من نقض العهد الخ • اقول
قاضی ممدوح کا اسجا عہد سے عام عہود مراد ہی یا کسی عہد
خاص کی شان مین یہہ ارشاد ہی اور نفس عہد عند البیعت
آپنے کس امر کو سمجھا ہی اُسکے نقض کا طریقہ کیا ہی ذرا آپ
صاف صاف رقم کرین راہ گریز نہ ہین * قولہ * در موضح
آوردہ است کہ سہ چیز با اہل او راجع میشود الخ * اقول *
جس عہد کو جو توڑیگا وہ اُن چیزونکی طرف منہہ موڑیگا اگر

CC-0. Kashmir Research Institute, Srinagar. Digitized by eGangotri

آپ کہاین مطابقت شریعت کیواسطے مرشد کی مخالفت
جو کریگا وہی ان مرجع کی طرف قدم دھریگا تو آپکو اسکی خصوصیت
کتب دینیہ سے بیان کرنی ضرور ہی منہہ نہ چھپائے یہہ نہین
جا شرمندگی ای حضور ہی * قولہ * پس ظاہر شد کہ شکستن
بیعت گناہ مستنکر اللہ رب العالمین است * اقول *
اسوقت مرید گناہ مستنکر کا فاعل ہوگا اور اسکا بیعت توڑنا
حاصل ہوگا کہ جب وہ دست مرشد پر معاصی سے توبہ کرے اور
پہر مرتکب معاصی بنے کیونکہ بار خلاف عہد اس سے صادر ہوا
جیسا کہ جد بن قیس کا حال ظاہر ہوا * قولہ * درین صورت نقض
بیعت متوارثہ اہل اسلام بجمیع اقسام ہا خواہ بیعت توبہ
من المعاصی * اقول * اسکا جواب مزبور ہوا سابق ازین مذکور
ہوا * قولہ * بیعت تبرک فی سلسلۃ الصالحین * اقول *
اگر مرشد پابند شریعت رہے اور مرید نعوذ باللہ سلسلہ
صلحا کو بدعت کہے تب البتہ یہہ نقض حاصل ہوگا مدعی شاہد
مرام سے واصل ہوگا اور اگر مرشد بدعت قرین ہو بدین لحاظ
مرید اسمین اسّے مخالفت گزین ہو اس امر کو مدعی نے
کیونکر ترک سلسلہ صلحا سمجھا اور اتنا کچھ بکا حالانکہ اس
صورت مین مرشد کی مخالفت ضروری کار ہی جیسا کہ امام غزالی
رح کی خلاصۃ التصانیف مین یہہ گفتار ہی * دہم چہ پایر بد انستن

حکم کند بقدر استطاعت بر ان برود و دز پیش او و غیر او
سجدہ نکند کہ کفر است و خلاف شریعت نکند کہ آن الحاد
باشد و پیر یکہ خلاف شریعت کند یا روا دارد زندیق باشد
اور مولانا کرامت علی واعظ جونپوری کے زاد التقوی کی
عبارت سے بھی یہی معنے آشکار ہی * اب جو کوئی سلوک
الی اللہ جس طرح جسے اختیار کرے ہر طرح کے سلوک مین اصل
غرض اتباع کو سمجھے اور جس شخص کو اتباع کا پورا حصہ نا ہو
اسکو اپنا مرشد مقرر کرے اور جو شخص احکام ظاہری مین مثل
جمعہ اور جماعت مین حاضر ہونے اور بیمار کی عیادت اور
جنازہ کی نماز اور عیدین کی جماعت مین حاضر ہونے اور روزے
نماز زکواۃ حج جہاد وغیرہ احکام جب واجب ہوجاوین انکے ادا
کرنے مین قصور کرے اگرچہ نفل عبادت ہی مین مشغول رہنے
کے باعث سے ان فرض اور واجب و سنت کے بجالانے
مین قصور کرے مثلا قرآن شریف کی تلاوت مین مشغول رہے
اور یہہ سمجھے کہ جماعت کے واسطے جانے مین میری تلاوت مین
حرج ہوگا اپنے گھر مین نماز پڑھ لے سو سالک نہین اور ایسے شخص
سے مرید ہونا اور ایسے شخص کو ولی جاننا ہرگز درست نہین
اگرچہ اُسسے طرح طرح کی خرق عادات و کرامات ظاہر ہوا کرین
ایسے شخص سے کنارے رہنے مین اور اُسکے مذکور کامون سے

CC-0. Kashmir Research Institute, Srinagar. Digitized by eGangotri

نازانس رہنے مین وصول الی اللہ حاصل ہوتا ہی اور اپنے دل مین
جو کسی شخص سے اعتقاد آجاوے اور وہ شخص اتباع مین پورا
نہو بلکہ کسی قسم کے شرک یا بدعت مین گرفتار ہو اور دل مین
یہہ خیال آوے کہ یہہ شخص ظاہری احکام بجا لانے مین قصور
کرتا ہی تو کیا مضایقہ باطن اُسکا بہت درست ہی تو ایسے
اعتقاد کو شیطانکا وسوسہ سمجھے کیونکہ حدیث سے ثابت
ہی کہ ظاہر مین آداب شریعت کو نگاہ رکھنا باطن مین آداب
شرعی کا نگاہ رکھنے کی نشانی ہی یہہ حدیث آگے چلکے آویگی تو
اب بہتر طریقہ یہہ ہی کہ جو ذکر اور اشغال شریعت کے
قاعدہ کے موافق ہو اُسکو اختیار کرے اور جس شخص کی چال
پیغمبر صلی اللہ علیہ وسلم یا اُنکے اصحابکی چال کے موافق ہو اسکی
پیروی کرے اور اُسکو مرشد مقرر کرے الخ ہکذا فی القوت
الایمان للواعظ المحمود ح * اور مجالس الابرار مین آیا ہی
ملا سعد رومی رح نے فرمایا ہی • والمحققون من علماء الطریقة قد
تمسکوا بالکتاب والسنة و وزنوا بھما افعالھم ومجاھداتھم ومکاشفاتھم
فما وجدوہ غیر موزون بھذین المیزان وغیر ثابت بھذین لم یعتبروہ ولم
یلتفتوا الیہ قال ابو سلیمان الدارانی ربما یقع فی قلبی نکتة من نکتة
القوم فلا اقبلھا الا بشاھدین عدلین من الکتاب والسنة وقال ابی
سعید الخراز کل باطن مخالفة الظاھر فھو باطل وقال ابو حفص الکبیر

CC-0. Kashmir Research Institute, Srinagar. Digitized by eGangotri

من لم يزن افعاله واقواله واحواله بميزاني الكتاب والسنة ولم يتهم
خواطره فلا تعدوه في ديوان الرجال وقال ابو يزيد البسطامي لو نظرتم
الى رجل اعطي انواعا من الكرامات حتى تربع في الهوا ومشى على
الماء فلا تغتروا به حتى تنظروا كيف تجدونه عند الامر والنهي وحفظ
الحدود واداء احكام الشريعة وقال الجنيد البغدادي الطرق الى
الله تعالى بعدد انفاس الخلائق وكلها مسدودة على الخلق الا من اقتفى
اثر الرسول وحكى انه افتى بقتل الحلاج لاجل ما صدر عنه من قوله
انا الحق فانظروا ايها العاقل الطالب للحق ان هولاء الكرام مع كونهم
عظماء مشايخ الطريقة وكبراء ارباب الحقيقة قد تمسكوا بالشريعة ولم
يخالفوها في شيء اصلا انتهى * قوله * قال رسول الله صلى الله عليه
واما نكث الصفقة الخ * اقول نکث الصفقہ بھی تب حاصل ہوگا
جب فعل خلاف وعدہ کا کوئی فاعل ہوگا اور یہاں مفقود اُسکی
حقیقت ہی عاقل بالغ پر یہہ صرف مدعی کی تہمت ہی اگر وہ کہے
کہ موافقت شریعت کے لئے مخالفت مرشدین بھی نکث
الصفقہ حاصل ہی تو ہم کہتے ہین اسے چاہیے اُسکی دلیل لاوے
ورنہ اُسکا یہہ زعم باطل ہی * قولہ * بیعت و توبہ نمودن مرید بر
دست مرشد دستار فی الاصل عبارت از عہد و عقد شرعی است
کہ نقض آن یا خلاف گناہ کبیرہ است * اقول * اجی صاحب
نقض عقد و عہد کا کیا طریقہ ہی اور مرید عند البیعت زبان سے کیا

CC-0. Kashmir Research Institute, Srinagar. Digitized by eGangotri

کہتا ہی ایا یہہ کہتا ہی ای مرشد جو کام حضور کرینگے بطور
سنت اسے ہم بالضرور کرینگے یا یہہ کہتا ہی کہ جملہ معاصی
سے ہم توبہ کرتے ہین اب راہ شریعت وھرتے ہین آجسے خلاف
شرع اب کوئی کام نکرینگے پھر گناہ کی طرف نہ پھرینگے اُسکا
اول جواب دیجئے پھر انشاء اللہ اس جواب کا جواب باصواب لیجئے
* قولہ * قال اللہ تعالی واوفوا بالعہد ان العہد کان مسئولا اقول
ایہ ہذا مین لفظ عہد عام ہی چنانچہ تفسیر جلالین مین ارقام ہی
واوفوا بالعہد اذا عاہدتم اللہ والناس ھکذا فی العبادی وغیرہ * اور
تفسیر حسینی مین مزبور ہی سلمی رح آوردہ کہ خدای را
عہدہاست بر جوارح آدمی بملازمت آداب و بر نفس او
باداء فرائض و بر دل او بخوف و خشیت و بر روح او بآنکہ
از مقام قرب دور نشود و بر سراو بآنکہ مشاہدہ ماسوا نکند واز
ہر عہدے خواہند پرسید * قولہ * وقال تعالی یا ایہا الذین امنوا اوفوا
بالعقود * اقول * اس آیت مین بھی لفظ عہد عام ہی جیسا کہ تفسیر
عباسی مین ارقام ہی * اوفوا بالعقود اتموا التی بینکم و بین اللہ
او بین الناس ویقال اتموا الفرائض التی فرضت علیکم مع القبول یوم
المیثاق وفی ہذا الکتاب * اور تفسیر احمدی مین ہی * قال الامام
الزاہد العہد ثلثۃ عہد اللہ مع العباد کالاوامر والنواہی وعہد العباد مع
اللہ کالنذر والایمان وعہد العباد فیما بینہم * اور تفسیر حسینی مین

CC-0. Kashmir Research Institute, Srinagar. Digitized by eGangotri

ہی ﴿ واوفوا بالعقود ﴾ وفا کنید بعہد ہا کہ با یکدیگر میکنید یا بعقود شرعیہ چون عقد شرکت و عقد نکاح و عقد بیع و امثال آن اور ابن جبحر کی کی عبارت سے بھی یہی بات ظاہر ہی * وقیل هي العقود التي يتعاقدها الناس بينهم * اور مدعی کی عبارت سے بھی یہی مطلب ظاہر ہی، بہرا یفاء عہود و عقود بکم جناب باری در قرآن مجید ورود گردیدہ حاصل کلام یہہ ہی مبرا مرام یہہ ہی کہ آیات مزبورہ مین عہد و عقد ہر جا عام آیا ہی خاص پیری مریدی مروجہ زمانہ کی شان مین کہین خدا پاک نے نہین فرمایا ہی اب اُن آیات کو اِس مرید کی شان والاشان مین جو بمقتضاء * لا طاعة للمخلوق في معصية الخالق * شرک و بدعت مین مرشد کی مطابقت و متابعت نکری اور بمضحواء حدیث * ولا تصحب الا تقيا * اُسکے ساتھ مخالطت و مصاحبت نکرے لانا اور اسے ناکث بیعت بتانا جہالت ہی بلکہ سراپا ضلالت ہی اچھا مدعی حدیث فمن اطاع احدا في دين لم ياذن به الله تعالى فقد عبده و اتخذه ربا کا کیا مطلب ہی بیان کرا اور ہر امر مین مرید کو مطیع مرشد ہونا ضرور ہی کس کتاب مین لکھا ہی عیان کر علاوہ ازین یہہ بھی بتا سمجھہ نہ چھپا کہ مرید عند البیعت جو عہد کرتا ہی وہ عہد عہود بینکم و بین اللہ مین شامل ہی یا عہود بینکم و بین الناس مین داخل ہی اگر وہ من العہود بین اللہ ہی تو بھلا عاقل بالغ کیونکر گمراہ

CC-0. Kashmir Research Institute, Srinagar. Digitized by eGangotri

ہی اؤر اگر من العھود بین الناس ہی تو اُسکی کس کتاب مین
اساس ہی * قولہ * حسب توضیح و تصریح کتب معتبرہ اہل سنت
و جماعت ثابت و متحتم است کہ بیعت نمودن بر دست مرشد
مستند بخاندان بزرگان طریقت مربد را ابتغائی برکت و وسیلہ
است و بھرو سیلت امر خداوند متعال در قرآن مجید واقع
گردیدہ * کما قال اللہ تعالی یا ایہاالذین امنوا تقوااللہ وابتغوا الیہ الوسیلۃ
اقول * اول لفظ توضیح و تصریح لانا اؤر عبارات و اسمائ کتب چھپانا
طریقہ استفتا نویسی نہاین مدعی کی یہہ چال مکر سے خالی نہین
دوسری وہ کہتاہی کہ بیعت نمودن الخ * ہم بھی یہہ مانتے
ہین اسے حق جانتے ہاین پر یہہ کس کتاب مین لکھاہی کہان کا
یہہ مسئلہ ہی کہ صرف ایکہی مرشد کے نام پر سرمدا ایتھے خواہ
وہ متقی ہو یا مشرک یا بدعتی ہو پھر دوسریکا ہاتھہ نپکڑے اے
مدعی یہہ سمجھہ تیری خطاہی تکرار بیعت رواہی دیکھہ مولانا
کرامت علی جونپوری جنکا تو معتقد اکتاہی بطور جواب کے
زاد التقوا مین انکا یہہ فرمودہ ہی * اؤر جیسے مرشد سے بیعت
کرنا شریعت سے ثابت ہی ویسے مرشد سے پھر دہراکر بیعت
نہاین کرتے گویا بیعت کواک رسم جانتے ہاین اؤر سمجھتے ہین اؤر
کہ جب کسی سے بیعت کرلیا بس رسم ہو گئی اؤر کوئی اپنے

CC-0. Kashmir Research Institute, Srinagar. Digitized by eGangotri

بدعتی خلاف شرع پیر سے بیعت کرکے پچھتاتا ہی اوٗر کہتاہی
کہ ہمارا ارادتو مدت سے فلانے عالم اوٗر بزرگ سے بیعت کرنیکا
